# کورڈ NYC حاصل کریں!

## خصوصی اندراج کے دوران صحت بیمہ کے ساتھ



# زندگی بدلنے والا واقعہ پیش آیا ہے یا پیش آنے کا امکان ہے؟

## آپ خصوصی ان دراج کی مدت کے لیے اہل ہو سکتے ہیں 1 فروری تا 31 اکتوبر

### میرے کوریج کے کیا اختیارات ہیں؟

اگر آپ کو نوکری یا خاندان کے ممبر کی معرفت کوریج نہیں مل پاتا ہے تو آپ کم قیمت تو، آپ ایک NY State of Health کے ذریعہ ایک کم قیمت اختیار تلاش کرنے پر قادر ہو سکتے ہیں۔

NY State of Health کے ساتھ:

- آن لائن، فون پر یا بذات خود درخواست دیں۔ فون پر اور بذات خود اعانت بہت ساری زبانوں میں دستیاب ہے
- منڈی کے جس کسی صحت منصوبہ کے لیے آپ اہل ہیں اس میں اندراج کروانے میں مدد حاصل کریں
- یہ پتہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ کو مالی اعانت مل سکتی ہے ایک درخواست پُر کریں
- ایک ہی جنس کے شریک حیات اگر آمدنی کے لحاظ سے اہل ہوں اور اپنا ٹیکس مشترکہ طور پر فائل کرتے ہوں تو وہ نجی صحت بیمہ خریدنے میں اپنی مدد کے لیے ٹیکس کریڈٹ حاصل کر سکتے ہیں

آپ نجی بیمہ براہ راست کسی بیمہ کمپنی سے بھی خرید سکتے ہیں لیکن اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو آپ کو مالی اعانت نہیں ملے گی۔

### اگر میں کھلے اندراج سے محروم ہو جاتا ہوں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کا سامنا بعض زندگی بدلنے والے واقعات سے ہوتا ہے، تو آپ ایک خصوصی اندراج کی مدت کے لئے اہل ہو سکتے ہیں۔ اگر آپ خصوصی اندراج کی مدت کے اہل ہیں تو آپ NY State of Health ملاحظہ کر سکتے ہیں تاکہ:

- فوری طورپر نئے کوریج کے لیے سائن اپ کر سکیں یا اپنا صحت منصوبہ تبدیل کر سکیں — آپ کو اگلے کھلے اندراج کی مدت تک انتظار کرنے کی ضرورت نہیں ہے
- کچھ صورتوں میں، آپ کے پاس صحت بیمہ تبدیل کرنے کے لیے پہلے سے اس کا موجود ہونا ضروری ہے

### خصوصی اندراج کی مدتیں وقت کے ساتھ محدود ہیں

- اگر آپ کے پاس اپنا بیمہ ہے یا خود اپنا بیمہ حاصل کر رہے ہیں تو، آپ کو اہل قرار پانے کے واقعہ سے 60 دنوں کے اندر کارروائی کرنا ضروری ہے
- جتنی جلدی ممکن ہو NY State of Health سے رابطہ کریں
- اگر آپ کو اپنی نوکری کے ذریعہ کوریج موصول ہوتا ہے تو آپ کے آجر کے پاس کوئی تبدیلی کرنے کے لیے آپ کے پاس اہل قرار پانے کے واقعہ کے وقت سے صرف 30 دن کا وقت ہوسکتا ہے

**یقین نہیں ہے کہ آیا آپ اہل قرار پاتے ہیں؟**

کوئی بات نہیں– آپ پتہ کرنے کے لیے NY State of Health کے ذریعہ کسی بھی وقت **درخواست دے سکتے ہیں.**

عوامی صحت بیمہ پروگرامز جیسے Medicaid, Essential Plan اور Child Health Plus پورے سال دستیاب ہیں۔

نجی صحت بیمہ کھلے اندراج کے دوران یا اگر آپ کو اہل قرار پانے کے کا سامنا ہوتا ہے تو دستیاب ہے۔

---

**اہل قرار پانے کے ایونٹس کی مثالوں میں شامل ہیں:**

- شادی ہو جانا یا ڈومیسٹک پارٹنرشپ میں داخل ہو جانا
- حاملہ ہونا یا بچے کی ولادت ہونا
- آپ کی ترک وطنی کی حیثیت تبدیل ہو جانا
- نوکریاں تبدیل ہو جانا
- نیو یارک میں یا ایک کاؤنٹی سے دوسری کاؤنٹی میں منتقل ہونا
- اپنے صحت بیمہ کوریج سے محروم ہو جانا

Human Resources Administration
Department of Social Services

HEALTH INSURANCE LINK

FLY 934 (B)
Rev. 02/16

## میں نے پچھلے کھلے اندراج کی مدت کے دوران ایک صحت منصوبے کے لیے سائن اپ کیا۔ میں اس میں کس طرح تبدیلی کر سکتا ہوں؟

اگر آپ کو اہل قرار پانے کے کسی واقعہ کا سامنا ہوتاہے تو اپنا صحت منصوبہ تبدیل کرنے کے لیے NY State of Health سے رابطہ کریں۔ آپ کھلے اندراج کی اگلی مدت کے دوران بھی اپنا منصوبہ تبدیل کر سکتے ہیں۔

## کیا میں اپنا ڈاکٹر رکھ سکتا ہوں؟

اگر آپ کو اپنے ڈاکٹرز پسند ہیں تو ان سے معلوم کریں کہ وہ کون سے بیمہ منصوبے قبول کرتے ہیں۔

NY State of Health کی ویب سائٹ پر، آپ فزیشن اور ہسپتال کے لحاظ سے تلاش کرکے دیکھ سکتے ہیں کہ کون سے بیمہ دہندگان نے ان کے ساتھ معاہدہ کیا ہوا ہے۔

## اگر میں غیر بیمہ شدہ ہوں اور مجھے ڈاکٹر کے پاس جانا ہے تو کیا ہوگا؟

اگر آپ کے پاس صحت بیمہ نہیں ہے اور نگہداشت درکار ہے تو آپ اب بھی NYC میں اسے حاصل کر سکتے ہیں۔ سٹی کا پبلک ہاسپٹل سسٹم (NYC Health + Hospitals) اور کمیونٹی ہیلتھ سنٹرز آپ کی آمدنی کی لحاظ سے، کم فیس کی بنیاد پر طبی نگہداشت فراہم کرتے ہیں۔

غیر بیمہ شدہ فرد کے لیے نگہداشت صحت کے وسائل کے بارے میں مزید جاننے کے لیے nyc.gov/hilink ملاحظہ کریں۔

## اگر میں غیر بیمہ شدہ ہوں اور مجھے جنسی اور باز تولیدی نگہداشت صحت درکار ہے تو کیا ہوگا؟

مفت اورارزاں تولیدی صحت، بشمول تدارکی اسکریننگز اور STI ٹیسٹنگ، Family Planning Benefit Program کے ذریعہ اہل مردوں اور خواتین کے لیے دستیاب ہیں۔ مزید جاننے کے لیے، nyc.gov/hilink/famplan ملاحظہ کریں۔

## اگر مجھے صحت بیمہ درکار ہے تو کیا میری ترک وطنی کی حیثیت معنی رکھتی ہے؟

یہ منحصر کرتا ہے۔ کوئی بھی NY State of Health ملاحظہ کرکے صحت بیمہ کے اپنے اختیارات کے بارے میں پتہ کر سکتا ہے۔ کچھ پروگرام مخصوص قسموں کے تارکین وطن تک محدود ہیں:

- شہری، گرین کارڈ کے حاملین، اور دیگر قانونی طور پر موجود باشندے* NY State of Health پر عوامی یا نجی بیمہ تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں
- سبھی بچے ترک وطنی کی حیثیت سے قطع نظر Child Health Plus کے اہل ہیں
- سبھی حاملہ خواتین جن کی آمدنی کم ہے وہ ترک وطنی کی حیثیت سے قطع نظر Medicaid حاصل کر سکتی ہیں
- کچھ تارکین وطن جیسے ڈیفرڈ ایکشن فار چائلڈ ہوڈ ارائیولز (Deferred Action for Childhood Arrivals, DACA)، NY State of Health پر موجود نجی بیمہ کے لیے نہیں بلکہ Medicaid کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں
- غیر دستاویز بند تارکین وطن جن کی آمدنی کم ہے انہیں ایسے Medicaid کے لیے پیشگی منظور کیے جا سکتے ہیں جو صرف صحت کے ہنگامی مسائل پر محیط ہو

*قانونی طور پر موجود باشندوں میں شامل ہیں عارضی باشندے، جیسے درست ویزا والے طلبہ۔

اگر آپ کی ترک وطنی کی حیثیت تبدیل ہو جاتی ہےتو آپ NY State of Health کی معرفت کوریج کے اختیارات میں خصوصی اندراج کی مدت کے دوران اندراج کروانے کے اہل ہو سکتے ہیں۔

سبھی باشندے براہ راست نجی بیمہ کمپنیوں کے پاس کوریج کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

صحت بیمہ حاصل کرنا آپ کو گرین کارڈ حاصل کرنے، شہریت یا کسی رشتہ دار کی کفالت کرنے سے نہیں روکے گا۔



## مزید معلومات کے لیے

311 یا 1-855-355-5777 پر کال کریں

NY State of Health کو
nystateofhealth.ny.gov
پر ملاحظہ کریں

CoveredNYC لکھ کر 877877 پر بھیجیں
بذات خود اعانت کا پتہ کرنے کے لیے

Copyright 2016, The City of New York. Human Resources Administration/Department of Social Services.
اس مواد کا کل یا بعض حصہ دوبارہ پیش کرنے کی اجازت کے لیے New York City Human Resources Administration سے رابطہ کریں۔